**11.10.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. محمد عمار

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جنوبی بحیرۂ چین کے خطے میں امن وسلامتی اور استحکام، پورے بھارت-بحرالکاہل خطے کے مفاد میں ہے۔ جناب مودی نے تھائی لینڈ اور عوامی جمہوریہ **Lao** کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ بھی دوطرفہ بات چیت کی۔

☆ مہادیو **Betting** ایپ کے پرموٹر سوربھ چندراکر کو دبئی میں حکام نے گرفتار کیا ہے۔

☆ بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار نے سیلاب سے متاثرہ تین لاکھ **21** ہزار کنبوں کے بینک کھاتوں میں **225** کروڑ روپے سے زیادہ سیدھے منتقل کئے ہیں۔

☆ دبئی میں آج شام خواتین کے **ICC** ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں گروپ اے کے میچ میں آسٹریلیا کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

☆ اور ٹینس میں اسپین میں جاری **Valencia** اوپن ٹورنامنٹ کے مَردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں بھارت کے جیون **Neduchazhiyan** اور وجے سُندر پرشانت کا مقابلہ پولینڈ کی جوڑی **Piotr Matuszewski** اور **Karol Drzewiecki** سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PM East Asia Summit**

وزیراعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ آزاد، کھلا، سب کی شمولیت والا، خوشحال اور ضابطوں پر مبنی بھارت-بحرالکاہل خطہ پورے علاقے کے امن اور پیشرفت کیلئے اہمیت کا حامل ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ جنوبی بحیرۂ چین کے خطے میں امن وسلامتی اور استحکام، پورے بھارت-بحرالکاہل خطے کے مفاد میں ہے۔ وزیراعظم آج عوامی جمہوریہ **Lao** کے شہر **Vientiane** میں انیسویں مشرقی ایشیا سربراہ کانفرنس میں اظہار خیال کررہے تھے۔

دنیا کے مختلف خطوں میں جاری محاذ آرائی اور لڑائی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ توسیع پسندی کے بجائے ترقی، حکمت عملی کا حصہ ہونا چاہیے۔

وزیراعظم نے کہا کہ مختلف خطوں میں جاری محاذ آرائی کی وجہ سے گلوبل ساؤتھ یعنی عالمی خطۂ جنوب کے ترقی پذیر اور کم ترقی یافتہ ملکوں پر منفی اثر پڑ رہا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ سبھی یہ چاہتے ہیں کہ **Eurasia** اور مغربی ایشیا کے خطے میں امن و استحکام بحال ہو۔ انھوں نے یہ بات دوہرائی کہ یہ دور جنگ کا نہیں ہے اور مسائل کے حل میدانِ جنگ سے نہیں نکالے جاسکتے۔

وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ اقتدارِ اعلیٰ، علاقائی سالمیت اور بین الاقوامی قوانین کا احترام ضروری ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ انسانی ہمدردی کے رویے، مذاکرات اور ڈپلومیسی پر زور دیا جانا چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت اِس سمت ہر ممکن قدم اٹھاتا رہے گا۔

دہشت گردی کو عالمی امن وسلامتی کیلئے ایک سنگین چیلنج قرار دیتے ہوئے وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ دنیا کے ملکوں کو دہشت گردی سے لاحق چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ سائبر، بحری اور خلاء کے شعبوں میں بھی اشتراک کو مستحکم کرنا ہوگا۔

جناب مودی اور عوامی جمہوریہ **Lao** کے اُن کے ہم منصب **Sonexay Siphandone** نے آج ثقافتی ورثے کے تحفظ اور تزئین کاری، ترقیاتی ساجھیداری، صلاحیت سازی، اقتصادی، دفاعی، ثقافتی اور عوام سے عوام کے درمیان تعلقات جیسے کلیدی شعبوں میں اشتراک وتعاون سمیت' دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی غرض سے مفید اور نتیجہ خیز بات چیت کی۔ بھارت اور عوامی جمہوریہ **Lao** نے دفاعی تعاون، کسٹم سے متعلق امور میں ایک دوسرے کی مدد اور **Mekong Ganga** تعاون کے تحت فوری اثر والے پروجیکٹس کے لیے مفاہمت ناموں کا تبادلہ کیا۔

پرسار بھارتی اور **Lao** نیشنل ٹیلی ویژن نے نشریات میں باہمی تعاون کے لیے مفاہمت کے ایک اقرار نامے پر دستخط کیے۔ اِن مفاہمت ناموں کا تبادلہ جناب مودی اور جناب **Siphandone** کی موجودگی میں کیا گیا۔

جناب مودی نے آج **Vientiane** میں انیسویں مشرقی ایشیا سربراہ کانفرنس کے موقع پر تھائی لینڈ کے اپنے ہم منصب **Paetongtarn Shinawatra** سے بھی ملاقات کی۔

دونوں رہنماؤں نے بھارت اور تھائی لینڈ کے درمیان باہمی تعلقات کے مختلف شعبوں اور بمسٹیک کے ذریعے قریبی علاقائی تعاون کو مزید فروغ دینے کے طور طریقوں کے بارے میں اپنے خیالات کا تبادلہ کیا۔

## T90 Tank Overhaul

خود کفالت کی طرف ایک اہم پیش رفت میں بھارتی فوج نے اپنی آپریشنل تیاریوں میں مزید اضافہ کرتے ہوئے اپنے پہلے مرمت شدہ **T-90 Bhishma** ٹینک کو شامل کیا ہے۔ **2003** سے بھارتی فوج کا اہم جنگی ٹینک **T-90 Bhishma** اپنی طاقت، رفتار اور تحفظ کے لیے مشہور ہے۔ بھارتی فوج میں انقلابی تبدیلی کے ایک حصے کے طور پر دفاعی عملے کے سربراہ جنرل

اوپیندر دیویدی نے حال ہی میں اِس ٹینک کو فوج میں شامل کیے جانے کی تقریب کا مشاہدہ کیا۔
ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس ٹینک کی مرمت اور جدید کاری کے پیچیدہ عمل میں ٹینک کے پرزوں کو الگ کرنا اور خراب پرزے کو تبدیل کرنا شامل ہے۔ ٹینک کا یہ خصوصی معائنہ دلّی چھاؤنی میں آرمی کے کور آف الکٹرانکس اور میکینکل انجینئرس کی فائیو زیرو فائیو آرمی بیس ورکشاپ میں کیا گیا۔ اِس ٹینک کا وزن تقریباً **47** ٹن ہے اور یہ نو اعشاریہ چھ میٹر لمبا اور دو اعشاریہ آٹھ میٹر چوڑا ہے۔ اِس کا بہترین سائز اِسے **60** کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے جنگلات، پہاڑوں اور دلدلی زمینوں میں تیزی سے کام کرنے کے قابل بناتا ہے۔

## Betting App

**Betting** کی ایپ مہادیو کے اہم شراکت داروں میں سے ایک سوربھ چندراکر کو آج دبئی میں حکام نے گرفتار کرلیا۔ چندراکر مہادیو **Betting** ایپ دھوکہ دہی معاملے کا ماسٹر مائنڈ ہے۔ اُس کو پچھلے سال انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے ایک ریڈکارنر نوٹس کے بعد گرفتار کیا تھا۔ ذرائع کے مطابق حوالگی کا عمل پہلے ہی شروع ہوچکا ہے اور امید ہے کہ چندراکر کو ایک ہفتے میں بھارت لایا جائے گا۔

## WB Doctor

بھوک ہڑتال کررہے احتجاجی جونیئر ڈاکٹروں میں سے ایک ڈاکٹر **Aniket Mahato** سنگین طور پر بیمار ہیں۔ اُنہیں آر جی کر میڈیکل کالج اور اسپتال کے **CCU** میں داخل کرایا گیا ہے۔ اُن کی حالت نازک بتائی جارہی ہے۔ اسی دوران جونیئر ڈاکٹروں کی تنظیم نے وزیراعلیٰ ممتابنرجی کو اِس سلسلے میں مداخلت کرنے کے لیے مراسلہ تحریر کیا ہے اور اِس معاملے کو حل کرنے کے لیے کہا ہے۔

## Bihar Flood

بہار کے وزیراعلیٰ نتیش کمار نے سیلاب سے متاثرہ تین لاکھ **21** ہزار کنبوں کے بینک کھاتوں میں **225** کروڑ روپے سے زیادہ سیدھے منتقل کیے ہیں۔ ریاستی سرکار نے سیلاب سے راحت کی اپنی نئی اسکیم کے تحت سیلاب سے متاثرہ کنبوں کو سات سات ہزار روپے دیئے ہیں، جبکہ اِس سے پہلے ہر کنبے کو چھ چھ ہزار روپے دیئے جارہے تھے۔

## Durga Puja

ملک کے مختلف حصوں بالخصوص مشرقی بھارت میں دُرگا پوجا کی تقریبات عروج پر ہیں۔ آج دُرگا اشٹمی ہے جونوراتری کا آٹھواں دن ہوتا ہے اور اس دن ماں دُرگا کے نو روپ کی پوجا کی جاتی ہے۔ دُرگا اشٹمی کے موقع پر ماں مہاگوری کی پوجا کی جاتی ہے اور اس دن کو نوراتری کے سب سے پوتر دن کے طور پر مانا جاتاہے۔

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے آج دُرگا پوجا کے موقع پر تمام شہریوں کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے پیغام میں صدرجمہوریہ نے کہا کہ دُرگا پوجا کا تہوار بدی پر نیکی کی فتح کے طور پر منایا جاتا ہے اور دیوی دُرگا شکتی کی ایک علامت ہیں۔
صدرجمہوریہ نے کہا کہ یہ تہوار دیوی دُرگا کیلئے پوری طرح وقف کرنے اور تمام مذاہب کے درمیان اتحاد اور افہام و تفہیم کو فروغ دینے کا موقع ہے۔

## BJP Cong Haryana Polls

**BJP** نے آج کانگریس کے اُس بیان کی نکتہ چینی کی ہے، جس میں اُس نے کہا ہے کہ پارٹی ہریانہ اسمبلی انتخابات میں ہار کی وجوہات کا پتہ لگانے کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دے گی۔ نئی دِلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان شہزاد پونا والا نے الزام لگایا کہ یہ ہریانہ میں ہار کیلئے سینئر کانگریسی لیڈر راہل گاندھی کو بچانے اور دوسروں کو موردِالزام ٹھہرانے کی کوشش ہے۔ **BJP** لیڈر نے یہ بھی الزام لگایا کہ ہار کیلئے سبھی کانگریس لیڈر کماری شیلجا کو نشانہ بنانے کی کوشش کررہے ہیں۔ جناب پونا والا نے مزید کہا کہ کانگریس کی اتحادی پارٹیاں بھی کہہ رہی ہیں کہ کانگریس پارٹی اپنی ہٹ دھرمی اور عوام سے لاتعلقی کی بنا پر ہاری ہے، لیکن کانگریس اپنی اتحادی پارٹیوں کی بات بھی نہیں سن رہی ہے۔
جناب پونا والانے کہا کہ جناب گاندھی تین لوک سبھا انتخابات سمیت اب تک تقریباً **74** انتخابات ہار چکے ہیں۔ اِس سے قبل کانگریس نے ہریانہ میں خراب کارکردگی کے بارے میں معلومات اکٹھا کرنے کی خاطر ایک جائزہ میٹنگ کی تھی۔

## PM Deshmukh

وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت رتن نانا جی دیشمکھ کو اُن کے یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے ملک کے دیہی عوام کو بااختیار بنانے کی خاطر نانا جی دیشمکھ کی لگن اور اُن کی خدمات کو یاد کیا۔

## PM Jaipraksh

وزیراعظم نریندر مودی نے لوک نائک جے پرکاش نارائن کے یومِ پیدائش پر انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم نے ملک اور سماج کیلئے جے پرکاش نارائن کے تعاون کی تعریف کی۔ اُنہوں نے کہاکہ جے پرکاش نارائن کی شخصیت اور اُن کے افکار ہر کسی کیلئے تحریک کا کام کریں گے۔

## Coast Guard Missing Pilot

گجرات کے پوربندر سے **55** کلو میٹر جنوب مغرب میں بھارتی کوسٹ کارڈ کے لاپتہ پائلٹ کی لاش برآمد ہوئی ہے۔ بھارتی کوسٹ گارڈ کے مطابق اس نے بھارتی فضائیہ اور دیگر شراکت داروں کے ساتھ مل کر لاپتہ پائلٹ کمانڈنٹ راکیش کمار رانا کو تلاش کرنے کی خاطر کارروائی جاری رکھی۔

گزشتہ مہینے کی 2 تاریخ کو ایک جدید لائٹ ہیلی کاپٹر ایم کے-3 اُس وقت سمندر میں گر گیا جب وہ ایک موٹر ٹینکر Hari Leela کے عملے کے ایک ممبر کو طبی امداد دینے جا رہا تھا۔ ہیلی کاپٹر میں دو پائلٹس اور عملے کے دو ممبران سوار تھے۔ بھارتی کوسٹ گارڈ نے بتایا ہے کہ لاپتہ پائلٹ کی تلاش کرنے کے لیے 82 پانی کے جہاز کے دن اور 70 سے زیادہ پروازوں کا استعمال کیا گیا۔

اُس نے بتایا کہ کمانڈنٹ راکیش کمار رانا کی آخری رسومات روایتی اقدار کے ساتھ ادا کی جائیں گی۔ بھارتی کوسٹ گارڈ نے اُن تین بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا ہے جنہوں نے ڈیوٹی کے لیے اپنی زندگی نچھاور کردی۔

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے آئندہ دو دنوں کے دوران تمل ناڈ، پڈوچیری، کرائیکل، اروناچل پردیش اور گجرات میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ کل سے جنوبی خلیج بنگال کے وسطی حصوں میں موسم کے حالات میں تبدیلی ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اگلے دو دنوں میں ملک کے شمال مشرقی، مغربی اور جنوبی جزیرہ نما حصے میں ہلکی سے اوسط بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

## SL Nomination

سری لنکا میں ہونے والے عام انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوگیا۔ انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ ڈیڑھ بجے تک اعتراضات داخل کئے جاسکتے ہیں۔ انتخابی کمیشن کے مطابق کل تک 147 سیاسی پارٹیوں اور 94 آزاد گروپوں نے نامزدگیاں داخل کی تھیں۔ انتخابی ضلعوں اور قومی فہرست میں پارٹیوں کے کئی اعلیٰ سیاسی رہنماؤں کے نام شامل ہیں۔ وزیراعظم ڈاکٹر Harini Amarasuriya کولمبو سے چناؤ لڑرہی ہیں۔ حکمراں قومی عوامی اقتدار اتحاد نے بھی قومی فہرست کیلئے معذور افراد میں سے کچھ لوگوں کے نام اپنے امیدوار کے طور پر داخل کئے ہیں۔

قومی ووٹ میں تناسب کی بنیاد پر قومی فہرست میں 29 ممبروں اورانتخابی ضلعوں کے 196 ممبروں کے چناؤ کیلئے وہاں اگلے مہینے کی 14 تاریخ کو عام انتخابات ہونا ہے۔ انتخابی دفتروں اور ضلعے کے سکریٹریٹس میں 30 اکتوبر اور یکم اور 4 نومبر کو پوسٹل ووٹ ڈالے جائیں گے۔

## International Girl Child Day

دنیا بھر میں آج بچیوں کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ یہ دن صنفی مساوات، تعلیم اور نوجوان لڑکیوں کیلئے موقعے کی اہمیت کو اُجاگر کرتا ہے۔ اِس سال کا موضوع ہے: ''مستقبل کیلئے لڑکیوں کا وژن''۔ بچیوں کے عالمی دن کا مقصد لڑکیوں کو بااختیار بنانے اور ان کے انسانی حقوق کے تحفظ کی فوری ضرورت کو اجاگر کرنا ہے۔

## ICC Womens T-20 WC

خواتین کے ICC ٹی ٹوینٹی عالمی کپ کرکٹ میں آج دفاعی چمپئن آسٹریلیا کا مقابلہ گروپ اے کے میچ میں پاکستان سے ہوگا۔ یہ میچ دوبئی کے دوبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

کل رات کھیلے گئے میچ میں ویسٹ انڈیز نے بنگلہ دیش کو آٹھ وکٹ سے ہرادیاہے ۔یہ میچ متحدہ عرب امارات کے شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلا گیا تھا۔ اِس جیت کے ساتھ ویسٹ انڈیز سیمی فائنل میں کوالیفائی کرنے کے مزید قریب ہوگیا ہے۔ اُدھر بھارتی خواتین ٹیم کا گروپ اسٹیج میں ایک میچ باقی ہے۔ بھارتی ٹیم 13 اکتوبر کو آسٹریلیا کے خلاف جیت کا سلسلہ برقرار رکھنے کی کوشش کرے گی۔

## Tennis Valencia Open

ٹینس میں آج شام اسپین میں Valencia اوپن ٹینس میں مردوں کے ڈبلز زمرے کے سیمی فائنل میں بھارت کے جیون Neduchazhiyan اور وجے سندر پرشانت کا مقابلہ پولینڈ کی جوڑی Piotr Matuszewski اور Karol Drzewiecki کے ساتھ ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام 6 بجکر پانچ منٹ پر شروع ہوگا۔

بھارتی کھلاڑیوں کی جوڑی نے کوارٹر فائنل میں رومانیہ کے Alexandru Jecan اور Belarusia کے Ivan Liutarevich کی جوڑی کو سیدھے سیٹوں میں چھ-صفر، چھ-دو سے ہرادیا۔×

☆☆☆